1193- بوڑھے شخص کے عاجز ہونے کی بنا پر زیر ناف بال مونڈنے کا حکم

سوال

جب میرے والد زیادہ بوڑھے ہو گئے اور اپنی صفائی کا بھی خیال نہ رکھ سکتے تھے تو میں ان کی مونچھیں اور زیر ناف بال صاف کیا کرتا تھا لیکن ایسا کرنے سے بغیر کسی قصد اور ارادہ سے میری نظر ان کی شرمگاہ پر بھی پڑھ جاتی تھی، تو کیا ایسا کرنے سے میں گنہگار تو نہیں ہوا، میں نے سنا ہے کہ اپنے والدین کی شرمگاہ دیکھنے والا شخص دو ماہ کے روزے رکھے، آیا یہ کلام صحیح ہے، یا نہیں؟

پسندیدہ جواب

جب آپ کے والد خود بال اتارنے کی استطاعت نہیں رکھتے تو آپ کے لیے اپنے والد کے زیر ناف بال اتارنے میں کوئی حرج نہیں، اور آپ نے دو ماہ کے روزوں کے متعلق جو کچھ سنا ہے وہ صحیح نہیں ہے.